اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی سَیِّدِ الْمُرْسَلِیْنَ اَمَّا بَعْدُ فَاَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْم ط بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْم ط

# ☆......مدنی پھول برائے مقیم اساتذہ کرام جامعۃ المدینہ......☆

**"جامعۃ المدینہ"**

کے "۱۲" حروف کی نسبت سے جامعۃ المدینہ میں اقامت کرنے والے اساتذۂ کرام کے لئے "۱۲" مدنی پھول

**اہم مدنی پھول :** شیخ طریقت امیر اہلسنت دامت برکاتہم العالیہ جس طرح جامعات المدینہ کو دیکھنا چاہتے ہیں ایسا بنانے کے لئے کوشاں رہنا۔

﴿۱﴾ تمام نمازوں میں تکبیر اولی کا اہتمام کرنا نیز **صدائے مدینہ** کے لیے طلبہ کو روانہ کرنے میں حتی الامکان ناظم جدول کی معاونت کرنا۔

﴿۲﴾ طلبہ کے **تعلیمی حلقوں** میں وقتاً فوقتاً شرکت کر کے طلبہ کی معاونت کرنا۔

﴿۳﴾ **دعائے مدینہ** میں شرکت کرنا۔

﴿۴﴾ طلبہ سے **ذاتی کام** نہ لینا (مثلاً کپڑے دھلوانا، مالش کروانا وغیرہ) بلکہ خود اس کا اہتمام کرنا۔

﴿۵﴾ طلبہ کو **مدنی کاموں** کے لیے روانہ کرنے میں ناظمِ جدول کی معاونت کرنا نیز وقتاً فوقتاً کسی حلقے میں شرکت کرنا۔

﴿۶﴾ ہفتہ وار اجتماع اور علاقائی دورہ میں **طلبہ کے ساتھ شرکت** کر کے انکی تربیت کرنا۔

﴿۷﴾ **طلبہ کی تعلیمی، اخلاقی اور مدنی کاموں کی کمزوریوں** کے بارے میں احسن انداز میں ناظم جامعہ کو آگاہ کرنا۔

﴿۸﴾ جامعۃ المدینہ میں ہر وقت مدنی حلیہ میں رہنا نیز ہر ماہ **مدنی انعامات کا رسالہ** جمع کروانا اور جدول کے مطابق **مدنی قافلے** میں سفر کرنا۔

﴿۹﴾ جامعۃ المدینہ میں ہونے والے ماہانہ **مدنی مشورہ** میں شرکت کرنا۔

﴿۱۰﴾ **مدنی عطیات** اور **کھالیں** جمع کرنے میں بھرپور کوشش کرنا۔

﴿۱۱﴾ جامعہ کے کسی طالب علم کو خاص کر کے اس پر **بے جا شفقت** سے پرہیز کرنا۔ (تمام طلبہ سے یکساں سلوک کریں۔)

﴿۱۲﴾ جامعہ میں رہائش اور کھانے سے متعلق امیر اہلسنت کے عطا کردہ مدنی پھولوں پر عمل کرنا۔

**مجلس جامعات المدینہ**

**(دعوت اسلامی)**